
فقیہِ اعظم

چند یادیں، چند مناظر




اِس مرکزِ جمال پہ اب ہے میری نگاہ
جلوے بھی دیکھ لیں تو طوافِ نظر کریں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سیدی و مولائی حجۃ الاسلام حضرت فقیہ اعظم مولانا الحاج ابو الخیر محمد نور اللہ نعیمی قادری قدس سرہ العزیز (1914ء ...... 1983ء) کی پوری زندگی خدمت دین متین میں بسر ہوئی' پچاس سال تک آپ نے درس حدیث دیا' فقہ اسلامی کا عظیم انسائیکلوپیڈیا "فتاویٰ نوریہ" چھ ضخیم جلدوں میں تحریر فرمایااور دارالعلوم حنفیہ فریدیہ کے نام سے بصیر پور (اوکاڑہ) میں عالم اسلام کی نامور دینی درسگاہ قائم فرمائی' جس میں سینکڑوں طلبہ زیر تعلیم ہیں----- آپ کے ہزاروں تلامذہ اندرون و بیرون ملک دینی و ملی خدمات انجام دے رہے ہیں----- آپ کی تابناک حیات طیبہ پر کچھ لکھنا اہل علم اور دانشور حضرات کا کام ہے' اس سلسلے میں بہت سی تحریریں شائع بھی ہو چکی ہیں----- تاہم آپ کی حیات مبارکہ کا ایک گوشہ .... کیمرہ سے محفوظ کیے ہوئے چند مناظر .... غلامان و محبان فقیہ اعظم کی خدمت میں پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں-----

حضرت فقیہ اعظم کی تصویر اتارنا آسان کام نہ تھا' اگرچہ شرعی ضرورت کے تحت آپ تصویر کے جواز کا فتویٰ دیتے تھے۔ مگر خود ہمیشہ اس سے پہلو تہی کرتے رہے بلکہ پتہ چلتا تو فوٹو اتارنے والے کو منع فرما دیتے' تاہم فوٹو گرافر تاک میں رہتے اور جونہی موقع ملتا یادگار لمحات کو کیمرہ میں محفوظ کر لیتے----- ایسی ہی چند نادر تصاویر اس خیال سے شائع کی جا رہی ہیں کہ امتداد زمانہ سے کہیں یہ قیمتی سرمایہ ضائع نہ ہو جائے-----




یکے از غلامان فقیہ اعظم
(حافظ) محمد ظہور اللہ چشتی
ناظم اعلیٰ جامعہ محمدیہ بنات الاسلام
قینچی امر سدھو لاہور فون نمبر 5820211

15 اکتوبر 1998ء




حضرت فقیہ اعظم اور آپ کے ہم جماعت مولانا جلال الدین جیون شاہی

میاں محمد نواز شریف وزیر خزانہ پنجاب حضرت فقیہ اعظم کی خدمت میں
بصیر پور آمد سے قبل میاں صاحب کو دیپال پور میں یوتھ لیگ کی طرف سے پیش کیا گیا سپاس نامہ
ان کے سامنے پڑا ہے




حضرت فقیہ اعظم، میاں محمد نواز شریف اور صاحبزادہ محمد محبّ اللہ نوری
دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف کے دارالحدیث میں ---- دسمبر 1981ء




ہم فقیروں سے دوستی کر لو
بادشاہی کا گر بتا دیں گے

دسمبر 1981ء

سالانہ اجلاس 1980ء ---- دعا کا منظر



سالانہ اجلاس 1979ء ---- حضرت فقیہ اعظم قدس سرہ العزیز، جانشین فقیہ
اعظم صاحبزادہ محمد محب اللہ نوری، مولانا ابو البقاء محمد حبیب اللہ نوری اور شیخ حافظ محمد نذیر آڑھتی



سالانہ اجلاس دارالعلوم 1981ء----- حضرت فقیہ اعظم علیہ الرحمہ، حاجی رشید احمد نوری
بھٹی اور دیگر علماء کرام



جس نے دیکھا صورت مولانا نور اللہ کو
اس نے دیکھا عرش کی پاکیزہ جلوہ گاہ کو

(مولانا ضیاء القادری بدایونی)



15 جون 1981ء ----- سالانہ اجلاس دار العلوم ----- حضرت فقیہ اعظم، صاحبزادہ
محمد محبّ اللہ نوری کو اپنا جانشین نامزد کر کے دستار خلافت عطا فرما رہے ہیں ----- یہ وہی دستار ہے
جو آپ کے شیخ و مرشد حضرت صدر الافاضل نے آپ کو عطا فرمائی تھی ----- علامہ محمد رمضان
محقق نوری، مولانا محمد عارف نوری اور دیگر حضرات پیچھے کھڑے ہیں -----

سالانہ اجلاس دار العلوم 24 - 23 مارچ 1980ء---- حضرت فقیہ اعظم اور جانشین فقیہ
اعظم صاحبزادہ محمد محبّ اللہ نوری اور مولانا ابو الفیض علی محمد نوری (نچلی تصویر دائیں جانب)

سالانہ اجلاس 1981ء----- حضرت فقیہ اعظم، میاں غلام محمد احمد خاں مانیکا (وفاقی وزیر بلدیات) اور مولانا محمد بخش مسلم (علیحدہ کرسی پر)----- صاحبزادہ محمد محبّ اللہ نوری دارالعلوم کا تعارف پیش کر رہے ہیں-----



1982ء----- منیٰ میں بحالت احرام حج



"کسی کی ادا کو ادا کر رہا ہوں"

فقیہ اعظم، بیر روحاء کے کنارے اس کنویں کا پانی سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کو مرغوب تھا۔ حافظ محمد اسد اللہ نوری اور چوہدری عبدالرزق نوری ڈول سے پانی نکال رہے ہیں



1982 تانگہ میں سفر کے دوران---- حضرت فقیہ اعظم اور حافظ محمود احمد نوری بن مولانا

زید احمد نوری میاں چنوں




سالانہ اجلاس 1981ء

جشن عید میلادالنبی ﷺ (تقریب تقسیم انعامات)

7 جنوری 1992ء صاحبزادہ محمد محبّ اللہ نوری' حضرت پیر سید محمد علی شاہ
کرمانوالا شریف اور صوفی محمد صدیق مرولہ شریف

14 نومبر 1996ء فضیلۃ الشیخ السید یوسف السید ہاشم الرفاعی (کویت)
علامہ احمد علی قصوری اور جانشین فقیہ اعظم صاحبزادہ محمد محبّ اللہ نوری --- عرس فقیہ اعظم



جانشین فقیہ اعظم حضرت الحاج صاحبزادہ مفتی محمد محبّ اللہ نوری مدظلہ العالی